# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۱

## خداوند عالم کی معرفت اور اسکی عبادت

اَیّھا النّاسُ ! إنّ اللّٰهَ جَلّ ذِکرُہٗ ما خَلَقَ الْعِبادَ إلاّ لِیَعْرِفُوہٗ، فَإذا عَرَفُوہٗ عَبَدُوہٗ فَإذا عَبَدُوہٗ اسْتَغْنَوْا بِعِبادَتِہِ عَنْ عِبادَۃِ ما سِوَاہٗ

اے لوگو! خداوند عالم نے بندوں کو صرف اس لئے پیدا کیا کہ اس کی معرفت حاصل کریں اور جب معرفت حاصل کرلیں تو اس کی عبادت کریں جب اس کے عبادت گذار ہو جائیں گے تو اس کی عبادت کے ذریعے غیر کی عبادت سے بے نیاز ہو جائیں گے۔

بحارالانوار، ج ۵ ص ۳۱۲ ح ۱

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۲

## خداوند عالم کو پالینا

مَاذَا وَجَدَ مَنْ فَقَدَكَ وَ مَا الَّذِی فَقَدَ مَنْ وَجَدَكَ؟

(خداوندا!) اُس نے کیا پایا
جس نے تجھے کھو دیا اور اُس نے کیا کھویا جس نے تجھے پالیا؟

بحارالانوار، ج ۹۵ ص ۲۲۶ ح ۳

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۳

## خدا کی انسان پر نظارت

عَمِیَتْ عَیْنٌ لَا تَرَاكَ عَلَیْهَا رَقِیباً

اندھی ہے وہ آنکھ

جو تجھے نہ دیکھے جب کہ تو اس پر ناظر اور نگراں ہے۔

بحارالانوار، ج ۹۵ ص ۲۲۶ ح ۳

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۴

## عبادت تجار، بندگان و آزادگان

إِنّ قَوماً عَبَدُوا اللّهَ رَغبَةً فَتِلكَ عِبادَةُ التّجّارِ وَإِنّ قَوماً عَبَدُوا اللّهَ رَهبَةً فَتِلكَ عِبادَةُ العَبِيدِ وَإِنّ قَوماً عَبَدُوا اللّهَ شُكراً فَتِلكَ عِبادَةُ الاَحرارِ وَهِيَ أَفضَلُ العِبادَةِ

ایک جماعت، خدا کی عبادت لالچ میں کرتی ہے یہ تاجروں کی عبادت ہے ایک جماعت، خدا کی عبادت خوف کی وجہ سے کرتی ہے یہ غلاموں کی عبادت ہے ایک جماعت خدا کا شکر بجالانے کے لیے اس کی عبادت کرتی ہے یہ آزادلوگوں کی عبادت ہے۔

تحف العقول، جلد ۱، صفحہ ۲۴۶

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۵

## خدا کی سچی عبادت کا اجر و ثواب

مَنْ عَبَدَ اللّٰہَ حَقَّ عِبَادَتِہِ آتَاہُ اللّٰہُ فَوْقَ اَمَانِیہِ وَ کِفَایَتِہِ

جو خدا کی سچی عبادت کرتا ہے
خدا اس کی امید سے زیادہ اجر و ثواب دیتا ہے۔

بحار الانوار، ج ۶۸ ص ۱۸۴ ح ۴۴

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

٦

## گھاٹا اُٹھانے والا

لَقَدْ خَابَ مَنْ رَضِیَ دُونَكَ بَدَلاً

جو تیرے بدلے کسی اور پر
راضی ہو جائے وہ گھاٹا اٹھانے والوں میں سے ہو گا۔

بحارالانوار، ج ۹۵ ص ۲۱٦ ح ۳

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۷

## خداوندِ عالم کی حمد وثنا

مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ إِلَّا وَلَهُ تَسْبِيحٌ يَحْمَدُ بِهِ رَبَّهُ

خداوند عالم نے اپنی ہر مخلوق کے لیے
ایک تسبیح قرار دی ہے جس سے وہ اپنے خالق کی حمد وثنا کرتا ہے۔

بحار الانوار، ج ۶۱ ص ۲۹ ح ۸


YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

٨

## خدا سے دوستی انسان کا سرمایہ ہے!

خَسِرَتْ صَفْقَةُ عَبْدٍ لَمْ تَجْعَلْ لَهُ مِنْ حُبِّكَ نَصِيباً

اے میرے پروردگار!

جسے تو نے اپنی محبت سے محروم کر دیا وہ گھاٹے میں ہے۔

بحار الانوار، ج ۹۵ ص ۲۲۶ ح ۳

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۹

## رحمتِ الٰہی

بُكَاءُ الْعُيُونِ وَ خَشْيَةُ الْقُلُوبِ رَحْمَةٌ مِنَ اللّٰهِ

آنکھوں کا رونا اور

دل کا خوفزدہ ہونا رحمتِ الٰہی کی علامت ہے۔

مستدرک الوسائل، ج ۱۱ ص ۲۴۵ ح ۳۵

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۱۰

## اہلِ بیتؑ سے محبت

إِنّ حُبّنَا لَتُسَاقِطُ الذّنوبَ كَمَا تُسَاقِطُ الرّيحُ الْوَرَقَ

ہم اہلِ بیتؑ کی محبت گناہوں کو ایسے مٹا دیتی ہے جیسے ہوا سوکھے پتوں کو گرا دیتی ہے۔

حیاۃ الامام الحسین، ج ا ص ۱۵۶

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

١١

## اہلِ بیتؑ خدا کے راز دار

نَحْنُ الَّذِينَ عِنْدَنَا
عِلْمُ الْكِتَابِ وَ بَيَانُ مَا فِيهِ وَلَيْسَ عِنْدَ أَحَدٍ مِنْ خَلْقِهِ مَا عِنْدَنَا لِأَنَّا أَهْلُ سِرِّ اللَّهِ

ہم وہ لوگ ہیں جن کے پاس قرآن مجید کا علم اور ان سب چیزوں کی وضاحت ہے جو اس میں ہے اور جو کچھ ہمارے پاس ہے وہ ہمارے علاوہ کسی اور کے پاس نہیں ہے اس لیے کہ ہم خداوند عالم کے راز دار ہیں۔

بحارالانوار، ج ۴۴ ص ۱۸۴ ح ۱۱

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

## ۱۲

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

**تمام مخلوق ہم اہلِ بیتؑ کی اطاعت پر مامور ہے!**

وَ اللّٰهِ مَا خَلَقَ اللّٰهُ شَيْئاً إِلَّا وَ قَدْ أَمَرَهُ بِالطَّاعَةِ لَنَا

**خدا کی قسم خدا نے کسی بھی مخلوق کو پیدا نہیں کیا مگر یہ کہ اسے ہم اہل بیت (ع) کی اطاعت کا حکم دیا۔**

بحارالانوار، ج ۴۴ ص ۱۸۱ ح ۱

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۱۳

## اہلِ بیت (علیہم السلام) سے محبت

مَنْ اَحَبَّنَا کَانَ مِنَّا اَهْلَ الْبَیْتِ

جو شخص

ہم اہل بیتؑ سے محبت کرے گا وہ ہم میں سے ہو گا۔

نزہۃ النّاظر وتنبیہ الخاطر ص ۸۵ ح ۱۹

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۱۴

## شیعیان و فقر و بلا

وَ اللّٰہِ الْبَلَاءُ وَ الْفَقْرُ

وَ الْقَتْلُ اَسْرَعُ اِلٰی مَنْ اَحَبَّنَا مِنْ رَكْضِ الْبَرَاذِينِ، وَ مِنَ السَّيْلِ اِلٰی صِمْرِہٖ۔

خدا کی قسم بلا، فقر و تنگدستی اور قتل ہمارے چاہنے والوں کی طرف تیز دوڑنے والے گھوڑوں اور سیلاب کے پانی سے بھی زیادہ تیز رفتار کے ساتھ آتے ہیں۔

بحارالانوار، ج ۶۴ ص ۲۴۹ ح ۸۵

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

## ۱۵

## شیعہ، مکر، فریب و خیانت سے دور

إِنّ شِیعَتَنَا مَنْ سَلِمَتْ قُلُوبُهمْ مِنْ کُلّ غِشّ وَغَلّ وَدَغَلٍ

ہمارے شیعہ وہ ہیں جن کے دل
ہر قسم کی خیانت، دھوکے اور فریب سے پاک ہوں۔

بحارالانوار، ج ۶۵ ص ۱۵۶ ح ۱۰

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۱۶

## امام حسین علیہ السلام اور امام زمانہ (عج)

لَوْ اَدْرَکْتُهُ لَخَدَمْتُهُ اَیّامَ حَیَاتِی

اگر میں حضرت امام مہدی (عج) کے زمانے میں ہوتا تو پوری زندگی اُن کی خدمت کرتا۔

عقد الدّرر، ص ۱۶۰

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۱۷

## امام حسین علیہ السلام مقتولِ اَشک

اَنَا قَتِيلُ الْعَبْرَةِ، لَا يَذْكُرُنِي مُؤْمِنٌ إِلَّا بَكَى

میں وہ مقتول ہوں جسے رُلا رُلا کر قتل کیا گیا

جو مومن بھی مجھے یاد کرتا ہے وہ مجھ پر گریہ ضرور کرتا ہے۔

کامل الزیارات، ص ۱۱۷ ح ۶

## خوش اخلاقی اور خاموشی

اَلْخُلُقُ الْحَسَنُ عِبَادَةٌ وَ الصَّمْتُ زَيْنٌ

# خوش اخلاقی

# عبادت ہے اور خاموش انسان کی زینت ہے۔

تاریخ الیعقوبی، ج ۲ ص ۲۶۴

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

## ۱۹

## صلۂ رحم کے اثرات

مَنْ سَرَّہُ اَنْ یُنْسَاَ فِی اَجَلِہِ وَ یُزَادَ فِی رِزْقِہِ فَلْیَصِلْ رَحِمَہُ

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسکی موت میں تاخیر ہو اور اسکے رزق و روزی میں اضافہ ہو، تو اُسے چاہئے کہ صلۂ رحم کرے (اپنے عزیز اقارب سے ملے جلے)۔

بحارالانوار: ۷۴، ۹۱، ۱۵

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۲۰

## لوگوں کی خاطر خدا کو ناراض کرنا

مَنْ طَلَبَ رِضَى النّاسِ بِسَخَطِ اللّهِ وَكَلَهُ اللّهُ إِلَى النّاسِ

جو لوگوں کو راضی کرنے کے لئے

خدا کو ناراض کرے خدا اسے لوگوں کے ہی حوالہ کر دیتا ہے۔

بحارالانوار، ج ۷۵ ص ۱۲۶ ح ۸

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
You Tube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

## ۲۱

## طاقت رکھتے ہوئے معاف کرنا

إِنَّ أَعْفَى النَّاسِ مَنْ عَفَا عَنْ قُدْرَةٍ

سب سے بڑا معاف کرنے والا وہ ہے

جو طاقت کے باوجود معاف کردیتا ہے۔

بحار الانوار، ج ۷۵ ص ۱۲۱ ح ۴

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۲۲

## اہمیت کم کرنے والی گفتگو

لاَ تَقُولُوا بِاَلْسِنَتِکُمْ مَا یَنْقُصُ عَنْ قَدْرِکُمْ

زبان سے

ایسی بات نہ نکالو جو تمھاری اہمیت کم کر دے۔

جلاء العیون، ج ۲ ص ۲۰۵

@ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۲۳

## جھکنے کے اسباب

لَوْلَا ثَلَاثَةٌ مَا وَضَعَ ابْنُ آدَمَ رَأْسَهُ لِشَيْءٍ اَلْفَقْرُ وَ الْمَرَضُ وَ الْمَوْتُ

اگر تین چیزیں نہ ہوتیں تو
انسان کسی کے سامنے سر نہ جھکاتا، غریبی، بیماری اور موت۔

نزہۃ الناظر وتنبیہ الخاطر ص ۸۵ ح ۴

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۲۴

## اپنے گناہ سے غفلت

إِيّاكَ اَنْ تَكُونَ مِمَّنْ يَخَافُ عَلَى الْعِبَادِ مِنْ ذُنُوبِهِمْ وَيَأْمَنُ الْعُقُوبَةَ مِنْ ذَنْبِهِ

ہرگز اُن لوگوں میں سے نہ ہونا جو دوسروں کے گناہوں پر خوفزدہ اور اپنے گناہوں کے انجام سے غافل ہوتے ہیں۔

تحف العقول ص 240

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

## ۲۵

آئی ایس او پاکستان

## مؤمن کی پریشانی کو دور کرنا

مَنْ نَفَّسَ كُرْبَةَ مُؤْمِنٍ فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرَبَ الدُّنْيَا وَ الاٰخِرَةِ

جو کسی مومن کی پریشانی دور کرے،
خداوند عالم اُس کی دنیا و آخرت کی پریشانیوں کو دور کر دے گا۔

مستدرک الوسائل، ج 12 ص 209

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۲۶

## عزّت کی موت اور ذلّت کی زندگی

مَوْتٌ فِی عِزٍّ خَیْرٌ مِنْ حَیَاةٍ فِی ذُلٍّ

عزت کی موت
ذلت کی زندگی سے بہتر ہے۔

المناقب ج4 ص68

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

## ۲۷

## قول و عمل میں ہم آہنگی

إِنَّ الْكَرِيمَ إِذَا تَكَلَّمَ بِكَلَامٍ، يَنْبَغِي أَنْ يُصَدِّقَهُ بِالْفِعْلِ

باعزت انسان جب گفتگو کرتا ہے تو اُس کا عمل اس کی زبان کی تصدیق کرتا ہے۔

مستدرک الوسائل، ج ۷ ص ۱۹۳ ح ۶

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

**۲۸**

## حضرت علی علیہ السلام سے دشمنی

مَا كُنَّا نَعْرِفُ الْمُنَافِقِينَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ (ص) إِلَّا بِبُغْضِهِمْ عَلِيّاً وَ وُلْدَهُ

رسول اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں ہم منافقین کو حضرت علی علیہ السلام اور ان کی اولاد کی دشمنی سے پہچانتے تھے۔

عیون أخبار الرّضا، ج ۲ ص ۷۲ ص ۳۰۵

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۲۹

## ہدیہ قبول کرنے کا اثر

مَنْ قَبِلَ عَطاءَكَ، فَقَدْ أَعانَكَ عَلَى الْكَرَمِ

جو تمہاری عطا کی ہوئی چیز کو

قبول کرلے وہ نیکیوں پر تمہاری مدد کرنے والا ہے۔

نزہۃ الناظر وتنبیہ الخاطر ج 1 ص 83

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

٣٠

## خوفِ خدا میں گریہ

اَلْبُكَاءُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ نَجَاةٌ مِنَ النَّارِ

خوفِ خدا میں گریہ، جہنّم سے نجات کا ذریعہ ہے۔

مستدرک الوسائل، ج ١١ ص ٢٤٥ ح ٣٥

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۳۱

## عقلمندی اور موت کے یقین کا اثر

لَوْعَقَلَ النّاسُ وَ تَصَوَّرُوا الْمَوْتَ لَخَرِبَتِ الدُّنیَا

اگر لوگ عقلمند ہوتے اور

موت کا یقین کر لیتے تو دنیا ویران دکھائی دیتی۔

إحقاق الحق، ج ۱۱ ص ۵۹۲

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۳۲

## غیبت

كُفَّ عَنِ الْغِيْبَةِ فَإِنَّهَا إِدَامُ كِلَابِ النَّارِ

غیبت سے بچو کہ یہ دوزخ کے کتوں کی غذا ہے۔

تحف العقول:245

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۳۳

## نہی عن المنکر

لَا یَنْبَغِی لِنَفْسٍ مُؤْمِنَةٍ تَرَی مَنْ یَعْصِی اللّٰهَ فَلَا تُنْكِرُ عَلَیْهِ

مومن کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ
کسی کو خدا کی نافرمانی کرتے ہوئے دیکھے اور اسے منع نہ کرے۔

کنز العمّال، ج ۳ ص ۸۵ ح ۵۶۱۴

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۳۴

## خدا کی نافرمانی کا اثر

مَنْ حَاوَلَ أَمْراً بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ كَانَ أَفْوَتَ لِمَا يَرْجُوا وَ أَسْرَعَ لِمَا يَحْذَرُ

جو خدا کی نافرمانی کی کوشش کرے اُس سے وہ چیزیں دور ہو جائیں گی جنھیں وہ چاہتا ہے اور وہ چیزیں اِس سے قریب ہو جاتی ہیں جن سے وہ نفرت کرتا ہے۔

تحف العقول، صفحہ 977

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

## ۳۵

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

## خیرِ کثیر

خَمْسٌ مَنْ لَمْ تَكُنْ فِيهِ لَمْ يَكُنْ فِيهِ كَثِيرُ مُسْتَمْتَعٍ؛ اَلْعَقْلُ، وَ الدِّينُ وَ الْأَدَبُ، وَ الْحَيَاءُ وَ حُسْنُ الْخُلْقِ

جس میں پانچ چیزیں نہ ہوں اُس میں کوئی خیر نہیں پایا جائے گا

عقل | دین | ادب | حیا | اور | خوش اخلاقی

حیاۃ الامام الحسینؑ، ج ۱ ص ۱۸۱

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۳۶

## حق کا کمال

کمال عقل لا یَکمُلُ العَقلُ إلا بِاتّبَاعِ الحَقّ

حق کی پیروی کے بغیر

عقل کامل نہیں ہوتی۔

أعلام الدین، ص ۲۹۸

چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۳۷

# معرفت کا اثر

يا أعرابِيُّ نَحنُ قَومٌ لانُعطِي المَعرُوفَ اِلاّ عَلى قَدرِ المَعرِفَةِ

ہم اہل بیت بخشش نہیں کرتے

مگر لوگوں کی معرفت کے مطابق۔

موسوعۃ کلمات الامام الحسین علیہ السلام: 765

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۳۸

## سب سے بڑا سخی

إِنَّ أَجْوَدَ النّاسِ مَنْ أَعْطى مَنْ لايَرْجُوهُ

سب سے بڑا سخی وہ انسان ہے جو کسی ایسے کو عطا کرے جس سے کسی قسم کی توقع نہ ہو۔

کشف الغمۃ: 2/242

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۳۹

## سب سے بڑا عفو کرنے والا

إِنَّ أَعْفَى النَّاسِ مَنْ عَفَا عَنْ قُدْرَة

سب سے بڑا عفو کرنے والا انسان وہ ہے جو قدرت ہونے کے باوجود معاف کر دے۔

بحارالأنوار۔ج75ص121۔ح4

# چہل حدیث امام حسین علیہ السلام

۴۰

## سب سے زیادہ صلۂ رحم کرنے والا

إنّ أوصَلَ الناسِ مَن وَصَلَ مَن قَطَعَهُ

سب سے زیادہ صلۂ رحم کرنے والا انسان
وہ ہے جو قطع رحم کرنے والوں سے تعلقات قائم کرے۔

بحارالأنوار: 74/400/41

YouTube @ALMAHDIIDARATARBIATISLAMI-8709 @IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA 0092-347-7721034